| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ل' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی بچوں سے حروف 'ا تا گ' تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ل' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ل' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ل' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ل' ہے۔ یہ حروف تہجی کا اکتیسواں حرف ہے۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ل' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ل' کے ذخیرہ الفاظ (لٹو، لہسن، لڑکا، لیموں، لفافہ، لومڑی، لال) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے بچوں کو حرف 'ل' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ل' سے لفافہ کی ورک شیٹ دی جائے گی اور اُس کے ساتھ لیموں کو آدھا کاٹ کر دیا جائے گا میز پر ایک پلیٹ میں پوسٹر کلرز ڈال کر دیئے جائیں گے بچوں کو کہا جائے گا کہ لیموں کو کلر میں ڈبو کر لفافے کے اوپر پیسٹ کریں اور لفافے کو ڈیکور کریں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ، لیموں، پوسٹر کلرز | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ل' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ل' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ل' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ل' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>لکڑی کی کاٹھی — کاٹھی پہ گھوڑا — گھوڑے کی دُم پہ — جو مارا ہتھوڑا<br>دوڑا دوڑا گھوڑا — دُم دبا کے دوڑا — لکڑی کی کاٹھی — کاٹھی پہ گھوڑا<br>گھوڑے کی دُم پہ — جو مارا ہتھوڑا — دوڑا دوڑا گھوڑا — دُم دبا کے دوڑا<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 72 کھولیں اور حرف 'ل' پر انگلی پھیرے اور حرف 'ل' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتائیے۔<br>'ل' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائیے۔<br>'ل' سے لومڑی: پیپر پلیٹ کو V.Shape میں بنا کر فولڈ کریں۔ پھر اُس V حصہ کو پینٹ برش سے اورنج رنگ کریں۔ وائٹ چارٹ پیپر کو کانوں کی شکل میں کاٹ کر اس پر بھی اورنج رنگ کریں اب بچوں کی کان، گوگلی آنکھیں ور ناک پیسٹ کرنے میں مدد کریں۔<br>**اختتامیہ:**<br>حرف 'ل' سے شروع ہونے والی اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ل' سے لہسن کو رنگ کریں۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ نمبر 72<br>پیپر پلیٹ، اورنج پوسٹر کلر، پینٹ برش، گلو، گوگلی آنکھیں، کالا/سفید چارٹ پیپر<br>ورک شیٹ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ل' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ل' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | تیسرا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ل' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ل' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ل' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ل' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ل' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ل' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک لڑکا جس کا نام لالی تھا۔ وہ لاہور میں رہتا تھا۔ اُس کو لٹو بہت پسند تھے۔ اُس کے پاس لال رنگ کے بہت سے لٹو تھے اُس نے ایک دفعہ ایک لکڑ ہارا دیکھا جس کے پاس بہت سی لکڑیاں تھیں۔ اُس کے ہاتھ میں ایک لفافہ تھا جس میں لیموں اور لہسن تھے اُس نے لکڑ ہارے کے سر پر ایک بڑا سا لال بیگ دیکھا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو لٹو کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ لال رنگ کے کاغذ کے ٹکڑوں لٹو کے اوپر چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے لکڑ ہارا، لکڑیاں، لال بیگ، لالی، لیموں کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ لال رنگین کاغذ گلو | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ل' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ل' کی پہچان کرسکیں۔ اُس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے سات ) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ل' کا تلفظ اُس کی بناوٹ اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے<br>حرف 'ل' کی کہانی کے بارے میں پوچھا جائے گا اس میں 'ل' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ل' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ل' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ل' سے شروع ہونے والے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے لومڑی لفافہ اور لال کی تصاویر دکھائی جائیں گی اور بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گراؤنڈ میں لے جا کر جایا جائے گا اور حرف 'ل' کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 73 کھولنے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کیا قینچی کی ابتدائی 'ل' ہوتی ہے بچوں کو 'ل' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ل' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>کتاب صفحہ نمبر 73 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں حرف 'ل' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’ل‘ | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’حرف ’ل‘ کی پہچان کرسکیں۔ اُس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے سات) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو حرف ’ل‘ کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>تعارف:<br>بچوں سے Sand Letters پر حرف ’ل‘ کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی ۔تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکیں۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کاپی پر حرف ’ل‘ پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکیں۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے تختہ سیاہ/سفید پر حرف ’ل‘ کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی میں حرف ’ل‘ پر پینسل پھیریے | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی ورک | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ل‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’ل‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |